## نواز شریف جمہوریت کی بقاء کی خاطر حکمراں اتحاد سے علیحدگی کے فیصلہ پر نظر ثانی کریں، الطاف حسین

### فیصلہ انتہائی افسوسناک ہے، پاکستان اور جمہوریت کے مستقبل کیلئے نیک شگون نہیں ہے،

### حکمراں اتحاد سے مسلم لیگ (ن) کی علیحدگی پر ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین کا تبصرہ

لندن۔۔۔25، اگست 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے حکمراں اتحاد سے مسلم لیگ (ن) کی علیحدگی کے اعلان پر انتہائی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مسلم لیگ (ن) کے سربراہ میاں نواز شریف سے اپیل کی ہے کہ وہ ملک کے وسیع تر مفاد میں جمہوریت کی بقاء کی خاطر اپنے اس فیصلہ پر نظر ثانی کریں۔لندن سے جاری ہونے والے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ آج مسلم لیگ (ن) کی جانب سے حکمراں اتحاد سے علیحدگی کے فیصلہ کی خبر سن کر ہمیں انتہائی افسوس ہوا ہے کیونکہ ہم سمجھتے ہیں کہ یہ فیصلہ پاکستان اور جمہوریت کے مستقبل کیلئے نیک شگون نہیں ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ملک کی موجودہ سیاسی، معاشی اور اقتصادی صورتحال انتہائی نازک ہے، ملک کو اندرونی و بیرونی خطرات لاحق ہیں اور ملک کے عوام کو غربت، مہنگائی، بے روزگاری اور طرح طرح کے مسائل اور بحرانوں کا سامنا ہے۔ اس صورتحال میں ملک کو اتحاد و یکجہتی کی جتنی ضرورت آج ہے اس سے پہلے کبھی نہیں تھی۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ اس نازک صورتحال میں تمام سیاسی و مذہبی جماعتوں کو چاہیے کہ وہ اپنے سیاسی مفادات کو بالائے طاق رکھ کر پاکستان اور جمہوریت کی بقاء و سلامتی کی فکر کریں کیونکہ ان حالات میں ملک و قوم کسی بھی قسم کی محاذ آرائی اور انتشار کے متحمل نہیں ہوسکتے لہٰذا ہم مسلم لیگ (ن) کے سربراہ میاں نواز شریف سے اپیل کرتے ہیں وہ ملک کے وسیع تر مفاد میں جمہوریت کی بقاء کی خاطر اپنے فیصلہ پر نظر ثانی کریں۔

## گڈز ٹرانسپورٹ کے جائز مطالبات تسلیم کیے جائیں اور اس بحران کو جلد از جلد حل کیا جائے، الطاف حسین

### ہڑتال سے ایک طرف تو غریب محنت کش شدید مشکلات کا شکار ہیں اور دوسری جانب بندرگاہ سے ملک بھر میں سامان کی ترسیل کا عمل شدید متاثر ہو رہا ہے

لندن۔۔۔25، اگست 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ گڈز ٹرانسپورٹ کے جائز مطالبات تسلیم کیے جائیں اور ان کی ہڑتال ختم کرائی جائے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے گڈز ٹرانسپورٹ کی ہڑتال سے ایک طرف تو ٹرانسپورٹ برادری سے تعلق رکھنے والے غریب ڈرائیوروں اور یومیہ اجرت پر کام کرنے والے غریب محنت کش شدید مشکلات کا شکار ہیں اور دوسری جانب ہڑتال کے باعث بندرگاہ سے ملک بھر میں سامان کی ترسیل کا عمل شدید متاثر ہو رہا ہے۔ جناب الطاف حسین نے وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ گڈز ٹرانسپورٹ برادری کے جائز مطالبات کو تسلیم کیا جائے اور اس بحران کو جلد از جلد حل کیا جائے۔ انہوں نے گڈز ٹرانسپورٹ برادری سے بھی اپیل کی کہ وہ بھی اپنے رویے میں لچک پیدا کریں اور اس بحران کے حل کے سلسلے میں مثبت طرز عمل اختیار کریں۔

## مسلم لیگ ق کے رہنما اور سابق ٹیسٹ کرکٹر سرفراز نواز کی لندن میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات

### ملک کو سیاسی بحران سے نکالنے کیلئے ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین کا کردار مثالی ہے، سرفراز نواز

### ملک کی تمام سیاسی و مذہبی جماعتوں کو چاہئے کہ وہ محاذ آرائی سے گریز کریں، طارق جاوید، سلیم شہزاد

لندن۔۔۔25، اگست 2008ء۔۔۔مسلم لیگ (ق) کے رہنما اور سابق ٹیسٹ کرکٹر سرفراز نواز نے ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں رابطہ کمیٹی کے سینئر ڈپٹی کنوینر طارق جاوید اور رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد سے ملاقات کی۔ ملاقات میں رابطہ کمیٹی کے ارکان محمد اشفاق، جاوید کاظمی، آصف صدیقی اور قاسم علی رضا بھی موجود تھے۔ ملاقات میں ملک کی مجموعی سیاسی و معاشی صورتحال، قبائلی علاقوں میں امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال اور دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے سرفراز نواز نے کہا کہ ملک کو سیاسی بحران سے نکالنے کیلئے ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کا کردار مثالی ہے اور تمام سیاسی و مذہبی جماعتوں کو بھی چاہئے کہ وہ جناب

الطاف حسین کی اپیل پر ملک کو درپیش بحرانوں سے نجات دلانے کیلئے افہام وتفہیم کا مظاہرہ کریں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ایک منظّم سیاسی جماعت ہے اور قومی سیاست میں اہم کردار ادا کررہی ہے اور ملک کو ایسی ہی منظّم جماعت کی ضرورت ہے۔انہوں نے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے مسائل کے حل کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کو اپنے بھرپور تعاون کا بھی یقین دلایا۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے سینئر ڈپٹی کنوینر طارق جاوید اور سلیم شہزاد نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کی جدوجہد کا بنیادی مقصد 98 فیصد غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے حقوق کا حصول ہے،اس مقصد کیلئے ملک بھر میں ایم کیوایم کے کارکنان پنجاب سمیت ملک بھر میں تحریک کا فکر وفلسفہ پھیلا رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان انتہائی نازک دور سے گزر رہا ہے ملک کی تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کو چاہئے کہ وہ محاذ آرائی سے گریز کریں کیونکہ ملک کو محاذ آرائی اور انتشار کی نہیں بلکہ اتحاد کی ضرورت ہے تاکہ ملک کو درپیش چیلنجز سے نمٹا جاسکے اور عوام کے مسائل حل کئے جاسکیں۔

## مسلح ڈاکوؤں نے ایم کیوایم کے شہید کارکن کے والد ڈاکٹر آفتاب وارثی کو شہید کردیا

## ڈاکٹر آفتاب وارثی کے قاتلوں کو گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائے،رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔25،اگست 2008ء۔۔ملیر کے علاقے میں مسلح ڈاکوؤں نے فائرنگ کرکے ایم کیوایم کے شہید کارکن اسلم وارثی کے والد ڈاکٹر آفتاب وارثی کو شہید کردیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈاکٹر آفتاب وارثی شہید اپنی رہائشگاہ واقع شادمان ٹاؤن ملیر کالونی سے کسی کام کے سلسلے میں جارہے تھے کہ تھوڑی ہی دور دو مسلح ڈاکوؤں نے ان سے موٹر سائیکل چھین لی اور موٹر سائیکل چھیننے کے بعد انہیں گولیاں ماردیں۔ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ڈاکٹر آفتاب وارثی شدید زخمی ہوگئے اور زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے موقع پر ہی شہید ہوگئے۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ایم کیوایم ملیر سیکٹر کے شہید کارکن اسلم وارثی کے والد ڈاکٹر آفتاب وارثی کی ہلاکت کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی شاہ اور صوبائی وزیر داخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا کہ ڈاکٹر آفتاب وارثی کے بہیمانہ قتل کا فوری نوٹس لیا جائے اور اس واردات میں ملوث سفاک قاتلوں کو گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائے۔رابطہ کمیٹی نے ڈاکٹر آفتاب وارثی شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆